PDMA
Provincial Disaster Management Authority
Sector B-2 Phase-V Hayatabad, Peshawar, Khyber Pakhtunkhwa.
Phone: (091) 9219635, 9219636 Fax: (091) 9219637
www.pdma.gov.pk

پی ڈی ایم اے اپڈیٹس: مورخہ: 21 اگست 2026

# مون سون موسمی انتباہ [ ایڈوائزری ]

## پریس ریلیز

**خیبر پختونخوا میں آج سے 23 اگست تک مزید بارش، تیز ہواؤں اور گرج چمک کی پیشگوئی۔ پی ڈی ایم اے نے ضلعی انتظامیہ کو پیشگی حفاظتی اقدامات کی ہدایت کردی**

پشاور: صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی خیبر پختونخوا نے محکمہ موسمیات کی پیشگوئی کے پیش نظر صوبے کے بالائی اور وسطی اضلاع میں مزید بارش، تیز ہواؤں اور گرج چمک کے حوالے سے الرٹ جاری کر دیا ہے۔

پی ڈی ایم اے کے مطابق 21 اگست کی شام/رات سے 23 اگست تک بالائی اور وسطی اضلاع میں وقفے وقفے سے بارش اور گرج چمک کے ساتھ تیز ہواؤں کا امکان ہے، جبکہ بعض مقامات پر موسلادھار بارش بھی ہو سکتی ہے۔ متاثر ہونے والے اضلاع میں چترال اپر و لوئر، دیر اپر و لوئر، سوات، شانگلہ، بونیر، ملاکنڈ، باجوڑ، بٹگرام، مانسہرہ، ایبٹ آباد، مردان، صوابی، پشاور، چارسدہ، نوشہرہ، کوہاٹ، کرم، ہنگو، بنوں، لکی مروت، ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک، شمالی و جنوبی وزیرستان سمیت دیگر اضلاع شامل ہیں۔

پی ڈی ایم اے نے خبردار کیا ہے کہ حساس پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ جبکہ مردان اور صوابی کے نشیبی علاقوں میں شدید بارش کے باعث شہری سیلاب کا خدشہ ہے۔ تیز ہواؤں اور آسمانی بجلی سے کھڑی فصلوں، بجلی کے کھمبوں، سائن بورڈز، سولر پینلز اور کمزور تعمیرات کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

پی ڈی ایم اے نے ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ حساس علاقوں میں پیشگی حفاظتی اقدامات یقینی بنائے جائیں، دریاؤں، ندی نالوں اور برساتی نالوں کی مسلسل نگرانی کی جائے، سڑکوں اور نکاسی آب کے نظام کو صاف رکھا جائے اور ریسکیو و دیگر ہنگامی خدمات کو الرٹ رکھا جائے۔

پی ڈی ایم اے نے شہریوں اور سیاحوں کو بارش اور گرج چمک کے دوران غیر ضروری سفر سے گریز کرنے، دریاؤں اور ندی نالوں سے محفوظ فاصلہ رکھنے اور بچوں کو پانی کے بہاؤ کے قریب نہ جانے کی ہدایت کی ہے۔ شہری زیرِ آب سڑکوں اور پلوں کو عبور کرنے سے بھی گریز کریں اور بارش کے دوران کھلی یا خراب بجلی کی تاروں کو ہاتھ نہ لگائیں۔

پی ڈی ایم اے کا صوبائی ایمرجنسی آپریشن سینٹر صورتحال کی 24 گھنٹے نگرانی کر رہا ہے۔ کسی بھی ہنگامی صورتحال یا ناخوشگوار واقعے کی اطلاع پی ڈی ایم اے کی ٹول فری ہیلپ لائن 1700 پر دی جاسکتی ہے۔

**ترجمان پی ڈی ایم اے، خیبر پختونخوا**